**تمام صحافیوں کا شکریہ، نومنتخب صدر کی گفتگو، وزیراعلیٰ بگٹی، نور محمد خان دمڑ، مولانا عبدالواسع، سیاسی رہنماؤں کی مبارکباد**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ پریس کلب کے انتخابات برائے سال 27-2025 میں جرنلسٹس پینل نے میدان مار لیا، عرفان سعید صدر، ایوب ترین جنرل سیکرٹری منتخب ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ پریس کلب کے انتخابات برائے سال 27-2025 بدھ کو چیئرمین الیکشن کمیٹی نادر چھلگری ایڈوکیٹ اور ارکان خلیل الرحمن ایڈوکیٹ اور بلال حسن ایڈوکیٹ کی نگرانی میں گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب میں منعقد ہوئے۔ پولنگ کا عمل صبح 11 بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہا بعدازاں چیئرمین الیکشن کمیٹی نادر چھلگری ایڈوکیٹ نے انتخابی نتائج کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ پریس کلب کے انتخابات برائے سال 2025-27 میں جرنلسٹس پینل عرفان سعید 75 ووٹ لیکر صدر، ایوب ترین 79 ووٹ لیکر جنرل سیکرٹری، محمد افضل مغل 60 ووٹ لیکر سینئر نائب صدر، حبیب اللہ قلندرانی 78 ووٹ لیکر نائب صدر، عطیہ اکرم 63 ووٹ لیکر جوائنٹ سیکرٹری، عبداللہ زہری 71 ووٹ لیکر فنانس سیکرٹری منتخب ہوگئے۔ انہوں نے بتایا کہ عبدالخالق رند، حماد اللہ سیاپاد، حاجی خالد گجر، نصیر احمد کاکڑ، مجیب اللہ اچکزئی، جاوید لانگا، شاہد مختار اور عبدالباسط مجلس انتظامیہ کے ارکان منتخب ہوئے ہیں۔ کوئٹہ پریس کلب کے انتخابات میں دو پینل مد مقابل تھے پروگریسو پینل کا کوئی بھی امیدوار کامیاب نہ ہوسکا جبکہ جرنلسٹس پینل نے انتخابات میں کلین سویپ کرلیا۔ انتخابات کے اختتام پر بدھ کو کوئٹہ پریس کلب کی جانب سے پرتکلف افطار ڈنر دیا گیا جس میں ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران، وائس چیئرمین بلوچستان بار کونسل راحب بلیدی، وزیراعلیٰ کے پریس سیکرٹری شیخ عبدالرزاق، نور خان محمد حسنی، وحید ظہیر، افضل مراد سمیت صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر کوئٹہ پریس کلب کے نومنتخب صدر عرفان سعید، جنرل سیکرٹری ایوب ترین نے گفتگو کرتے ہوئے جرنلسٹس پینل کو کامیاب بنانے پر تمام صحافیوں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ پریس کلب کے ارکان نے ہمیشہ جرنلسٹس پینل پر اعتماد کا اظہار کیا ہے اور وہ اپنی تمام توانائیاں پریس کلب کی بہتری اور ارکان کے لئے ماضی کی طرح خدمت کرنے میں صرف کریں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ پریس کلب کے نومنتخب صدر عرفان سعید جنرل سیکرٹری ایوب ترین اور دیگر کابینہ کو مبارک باد دی ہے۔ اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ پریس کلب میں کابینہ کے چناؤ کے لئے شفاف انتخاب کا عمل بہترین جمہوری روایات کا عکاس ہے، بلوچستان کے صحافی ہمیشہ سے مثبت صحافت کے ذریعے صوبے مسائل اجاگر کرتے رہے ہیں، صحافی برادری کی جانب سے اجاگر کئے گئے مسائل کا حل تلاش کرنا حکومت کی ترجیح رہی ہے امید ہے، نومنتخب کابینہ پریس کلب کی بہتری صحافت کے استحکام اور صحافی برادری کے مفاد کے لئے اپنا کردار ادا کرے گی۔ ہرنائی سے نامہ نگار کے مطابق صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کوئٹہ پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امید ہے کہ کوئٹہ پریس کلب کے نومنتخب عہدیدار عرفان سعید کی قیادت میں صحافی برادری کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام توانائیاں بروئے کار لائیں گے۔ این این آئی کے مطابق سینیٹر مولانا عبدالواسع، جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ، صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ اور دیگر صوبائی مجلس عاملہ پارلیمانی گروپ کے ارکان کی جانب سے کوئٹہ پریس کلب کے نومنتخب صدر عرفان سعید اور جنرل سیکرٹری ایوب ترین کو دلی مبارکباد پیش کی گئی۔

MASHRIQ QUETTA

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کو مبارکباد

**صحافی جو مسائل اجاگر کرتے ہیں انکا حل تلاش کرنا حکومت کی ترجیح ہے**

**نومنتخب کابینہ پریس کلب کی بہتری کیلئے بھرپور کام کرے گی، میر سرفراز**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ پریس کلب کے نومنتخب صدر عرفان سعید جنرل سیکرٹری ایوب ترین اور دیگر کابینہ کو مبارک باد دی ہے اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پریس کلب میں کابینہ کے چناؤ کے لئے شفاف انتخاب کا عمل بہترین جمہوری روایات کا عکاس ہے بلوچستان کے صحافی ہمیشہ سے مثبت صحافت کے......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

ذریعے صوبے مسائل اجاگر کرتے رہے ہیں صحافی برادری کی جانب سے اجاگر کئے گئے مسائل کا حل تلاش کرنا حکومت کی ترجیح رہی ہے امید ہے نومنتخب کابینہ پریس کلب کی بہتری صحافت کے استحکام اور صحافی برادری کے مفاد کے لئے اپنا کردار ادا کرے گی

INTEKHAB QUETTA

## صحافی انتشار پھیلانے والے عناصر کا محاسبہ کریں، ترجمان حکومت

**کوئٹہ پریس کلب کے انتخابات صحافت کے شعبے میں جمہوری تسلسل کا حصہ ہیں، نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد**

کوئٹہ (خ،ن) ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کوئٹہ پریس کلب کے نومنتخب صدر عرفان سعید، جنرل سیکرٹری ایوب ترین اور دیگر کابینہ کو مبارک باد دی ہے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ کوئٹہ پریس کلب کے انتخابات صحافت کے شعبے میں جمہوری تسلسل کا حصہ بقیہ نمبر 69 صفحہ 5 پر

ہیں جس میں ورکنگ جرنلسٹ نے صاف شفاف طریقے سے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرتے ہوئے اپنی قیادت کا انتخاب کیا، ترجمان بلوچستان حکومت نے کہا کہ بلوچستان جن مشکل حالات سے گزر رہا ہے ایسے میں صحافیوں پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ذمہ دارانہ صحافت کو فروغ دیکر انتشار پھیلانے والے عناصر کا محاسبہ کریں اور سچ پرمبنی اطلاعات عوام تک پہنچائیں، شاہد رند نے کہا کہ بلوچستان حکومت صحافیوں کی بہبود کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی اور میڈیا انڈسٹری کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اقدامات کو بارآور بنایا جائے گا۔

## ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند

## پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کو مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کوئٹہ پریس کلب کے نومنتخب صدر عرفان سعید، جنرل سیکرٹری ایوب ترین اور دیگر کابینہ کو مبارک باد دی ہے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ کوئٹہ پریس کلب کے انتخابات صحافت کے شعبے میں جمہوری تسلسل کا حصہ ہیں جس میں ......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ورکنگ جرنلسٹ نے صاف شفاف طریقے سے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرتے ہوئے اپنی قیادت کا انتخاب کیا، ترجمان بلوچستان حکومت نے کہا کہ بلوچستان جن مشکل حالات سے گزر رہا ہے ایسے میں صحافیوں پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ذمہ دارانہ صحافت کو فروغ دیکر انتشار پھیلانے والے عناصر کا محاسبہ کریں اور سچ پرمبنی اطلاعات عوام تک پہنچائیں

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 27 MAR 2025  Page No. 13

## لاپتہ افراد اور گرفتاریوں کیخلاف عید قربان کرنے جارہے ہیں، اختر مینگل

28 مارچ کو ثابت کرنا ہوگا کہ بلوچستان کی مائیں بہنیں لاوارث نہیں [illegible]

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں جبری گمشدگی اور کشت خون جاری ہے عید لاپتہ افراد اور ......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

گرفتاریوں کے خلاف قربان کرنے جارہے ہیں بلوچ یکجہتی کمیٹی کے رہنماؤں کی رہائی مقدمات ختم نہیں ہوتے کوئٹہ میں دھرنا دیا جائے گا 28 مارچ کو ہم نے ثابت کرنا ہوگا کہ بلوچستان کی مائیں بہنیں لاوارث نہیں ہے حکومت کے ہتھکنڈوں ظلم و جبر کے خلاف کل وڈھ سے کوئٹہ تک لانگ مارچ کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں ایک ویڈیو پیغام میں سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں جبری گمشدگی اور کشت خون جاری ہے پارلیمنٹ سمیت ہر جگہ احتجاج کے راستے بند کر دیے ہیں لاپتہ افراد کے لواحقین کو علم نہیں ہے کہ ان کے لخت جگر زندہ ہے کہ نہیں اور ان کی رسائی بھی نہیں ہے وہ مائیں بہنیں احتجاج پر سڑکوں پر نکل آئی ہے تو حکومت وقت ریاستی ادارے ان کا استقبال آنسو گیس اور لاٹھیوں سے کرتی ہے بلکہ ان کو پابند سلاسل کیا جاتا ہے جھوٹے مقدمات ان کے خلاف درج کیے جارہے ہیں اور ناحق قید و بند کی سزادی جارہی ہے اگر واقعتاً کوئی ریاست ہوتی تو ان کے سر پر ہاتھ رکھتی وہ ریاست ہے جو ہماری بزرگوں کی پگڑیاں اچھالی ہے اب ہمارے ماں بہنوں کے سروں سے دوپٹا کھینچ رہے ہیں

## وزیر اعلیٰ شپ کی کوئی آفر نہیں ہوئی یہ دلدل ہے اس میں نہیں کودونگا، مالک بلوچ

آپ جارحانہ ہوں گے اس کا ری ایکشن مزید خراب آئے گا تین دنوں سے سڑکیں بند ہیں یہ مسئلے کا حل بالکل نہیں ہے

میری پارٹی بھی بلوچستان کی صورتحال سے آگاہ ہے کوئی آفر یا ایسی بات ہوئی تو پارٹی کے پاس جاؤں گا، سابق وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ مجھے وزیر اعلیٰ شپ کی کوئی آفر نہیں ہوئی یہ دلدل ہے اس آگ میں نہیں کودونگا ہمارے ہاں خواتین کو گرفتار کرنا ریڈ لائن ہے گرفتار بچیوں کو فوراً رہا کیا جائے جعفر ایکسپریس کے واقعے کے بعد سرکار کا موڈ وہ مزید جارحانہ بننے جارہا ہے ہم بلوچستان کے سلگتے ہوئے صورتحال پر بی این پی کے ساتھ اتحاد کی جانب ......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

جانا چاہتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان نیشنل پارٹی کا وفد نے ہمیں سمنار کی دعوت دی ہے ہم نے دعوت قبول کرلیا ہے ہم بلوچستان کے سلگتے ہوئے صورتحال پر بی این پی کے ساتھ اتحاد کی جانب جانا چاہتے ہیں گزشتہ روز جعفر ایکسپریس کے واقعے کے بعد سرکار کا موڈ وہ مزید جارحانہ بننے جارہا ہے آپ جتنا جارحانہ ہوں گے اس کا ری ایکشن مزید خراب آئے گا تین دنوں سے بلوچ علاقوں میں جلسے جلوس اور سڑکیں بند ہیں یہ مسئلے کا حل بالکل نہیں ہے

## ماہ رنگ بلوچ سمیت خواتین کی گرفتاری کیخلاف سیاسی جماعتیں سراپا احتجاج

حکمران ظلم اور جبر کے ذریعے لوگوں کی آواز کو دبانے کی کوشش کررہے ہیں، ساجد ترین ایڈووکیٹ، آغا حسن

حکمرانوں کی غلط پالیسیوں اور اقدامات کے خلاف لوگ سراپا احتجاج ہیں، اصغر خان اچکزئی و دیگر سیاسی رہنماء

28 مارچ کو وڈھ سے کوئٹہ کیلئے لانگ مارچ میں بلوچستان کے لوگوں کی بڑی تعداد شریک ہوگی، مظاہرین

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنماؤں مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ، سابق وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ، عوامی نیشنل پارٹی بلوچستان کے صدر اصغر خان اچکزئی نے ماہ رنگ بلوچ سمیت بلوچ خواتین، کی ......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

گرفتاری، تشدد اور صوبے کی مخدوش صورتحال کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکمران ظلم اور جبر کے ذریعے لوگوں کی آواز کو دبانے کی کوشش کررہے ہیں جس میں ناکام ہوں گے بلوچستان کو ہمیشہ زور زبردستی اور ظلم کے ذریعے دبانے کی کوشش کی گئی ہے آج بلوچستان بھر میں حکمرانوں کی غلط پالیسیوں اور اقدامات کے خلاف لوگ سراپا احتجاج ہیں اور 28 مارچ کو وڈھ سے کوئٹہ کیلئے لانگ مارچ میں بلوچستان کے لوگوں کی بڑی تعداد شریک ہوں گی گرفتار شدگان کو فوری طور پر رہا کیا جائے ان کی رہائی تک احتجاج جاری رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا مظاہرین نے بینرز، پلے کارڈ اٹھا رکھے جن پر نعرے درج تھے۔ مظاہرے میں سابق گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ، ملک نصیر شاہوانی، میر زاہد بلوچ، اختر حسین لانگو، بکری شفقت لانگو، موسیٰ بلوچ، غلام نبی مری، میر مقبول احمد لہڑی، میر غلام رسول مینگل، میر عبدالوحید لہڑی، نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے احمد جان سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ بلوچستان میں روز اول سے ہی ظلم اور جبر کا بازار گرم رکھا ہوا ہے اور لوگوں کو اپنے حقوق کے حصول کیلئے اظہار رائے کی آزادی نہیں اور نہ ہی لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے ان کے لواحقین کی صدا بلند کر سکتے ہیں مقررین نے کہا کہ سلامتی کمیٹی میں شامل جماعتیں بھی بلوچستان میں جاری ریاستی ظلم و جبر بلوچستان کے لوگوں پر جو مظالم ڈھائے جارہے ہیں ان میں برابر شریک ہیں آج بلوچستان بھر میں بسنے والے لوگ سراپا احتجاج ہیں

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 27 MAR 2025

Page No. 15


# حالات حکمران طبقے کے ہاتھوں سے نکل چکے ہیں، نواب عالی بگٹی

**بلوچ معاشرے میں خواتین اور بچوں کو عزت واحترام کا ایک خاص مقام حاصل ہے، کوئی بھی باضمیر بلوچ خواتین کی بے توقیری برداشت نہیں کرے گا**

**بلوچستان میں سیاسی کارکنوں پر جھوٹے ومن گھڑت مقدمات قابل مذمت اور گرفتاریاں انتہائی شرمناک ہیں، سربراہ بگٹی قبائل**

کوئٹہ (این این آئی) بگٹی قبائل کے سربراہ نواب محمد میر عالی بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی کے کوئٹہ میں پرامن احتجاج پر ریاست کی جانب سے طاقت کا بے جا استعمال پرامن خواتین و بچوں پر فائرنگ کرنا انہیں بلاک وزخمی کرنا، بلوچ ماؤں، بہنوں کو سڑکوں پر گھسیٹنا ان کی میتوں کی بے حرمتی کرنا، ڈاکٹر ماہرنگ بلوچ اور کراچی میں سمی دین بلوچ ان کی ساتھیوں اور بلوچ یکجہتی کمیٹی کے کئی کارکنوں کو جھوٹے ومن گھڑت مقدمات میں گرفتار کرنا انتہائی شرمناک، قابل مذمت اور ناقابل برداشت عمل ہے۔

بقیہ نمبر57 صفحہ 5 پر

نواب محمد میر عالی بگٹی نے کہا کہ بلوچ معاشرے میں خواتین اور بچوں کو عزت واحترام کا ایک خاص مقام حاصل ہے، کوئی بھی باضمیر بلوچ اپنی خواتین کی بے توقیری ان کا سڑکوں پر تشدد کرنا، ان کے سروں سے چادریں کھینچنا اور انہیں لاپتہ کرکے زندانوں میں ڈالنا برداشت نہیں کرے گا۔ نواب محمد میر عالی بگٹی نے کہا کہ بلوچ تاریخ میں خواتین اس طرح کی جبر وبربریت کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ بگٹی قبائل کے سربراہ نے مزید کہا کہ بلوچستان میں 77 سالوں سے ظلم وجبر اور لاقانونیت کا ایک سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان معدنی دولت سے مالا مال ہے، یہاں کئی عرصے سے قائم گیس کمپنیاں، سیندک، ریکوڈک اور گوادر پورٹ میں بھی بلوچ نوجوانوں کا استحصال کا تسلسل جاری ہے، یہی ظلم وناانصافیوں کا سلسلہ ہے کہ آج حالات مصنوعی حکمرانوں کے ہاتھوں سے نکل چکے ہیں، اب یہ طبقہ پریشان ہے کہ حالات کو کس طرح کنٹرول کیا جائے۔ نواب محمد میر عالی بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں بدقسمتی سے ایک نااہل ونالائق ٹولے کو عوام پر مسلط کیا گیا ہے جو کہ بلوچ عوام کی محرومیوں کو کم کرنے کی بجائے ان میں اضافہ کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آئین وقانون نام کی کوئی چیز نہیں بلوچ تعلیم یافتہ نوجوانوں کو ان کے گھروں اور تعلیمی اداروں سے اٹھا کر کئی سالوں تک غائب کیا جاتا ہے اور جب لوگ اپنے پیاروں کی بازیابی کے لئے آواز اٹھاتے ہیں، پرامن احتجاج کرتے ہیں تو ان کی آواز سننے کی بجائے ان پر تشدد کرکے ان کو خاموش کرانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پرامن سیاسی جدوجہد پر قدغن لگانا کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ نواب محمد میر عالی بگٹی نے کہا کہ طاقت ور حلقوں کو سمجھ لینا چاہیے کہ جب بات بلوچ خواتین پر پہنچ جائے تو اس کے خلاف تمام بلوچ یکجا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے تمام سیاسی، سماجی وقبائلی لوگوں کو اب خاموش بیٹھنے کے بجائے اس پر مل کر ایک لائحہ عمل طے کرنا ہوگا اور مشترکہ جدوجہد کرنا اب وقت کی نزاکت ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 27 MAR 2025 Page No. 18


# بولان، مستونگ، پسنی اور تربت میں مسلح افراد کی شاہراہوں کی ناکہ بندی

**متعدد گاڑیاں جلادیں اور مسافروں، ڈرائیوروں کے شناختی کارڈ چیک کئے، تربت میں کیمپ پر راکٹ کا حملہ 5 زخمی**

**تربت میں 2 دستی بم بی اینڈ آر کالونی میں رہائشی مکان پر گرنے سے 5 افراد زخمی ہوگئے، علاقے کی ناکہ بندی کردی گئی**

**مختلف شاہراہوں پر انتظامیہ نے گاڑیوں کو روک لیا، کسی علاقے سے جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی، ضلعی حکام**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر م ڈ) بلوچستان کے مختلف علاقوں بولان، مستونگ، پسنی، اور تربت میں نامعلوم مسلح افراد........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر


نے قومی شاہراہوں کی ناکہ بندی کر کے متعدد گاڑیاں جلا دیں اور مسافروں، ڈرائیوروں کے شناختی کارڈ چیک کئے انتظامیہ نے مختلف علاقوں میں گاڑیوں کو روک لیا تربت میں فورسز کے کیمپ پر گرینڈ لانچر حملے کے نتیجے میں 5 افراد زخمی ہوگئے واشک میں لیویز کی گاڑی، موٹرسائیکلیں اور اسلحہ لے گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب نوشکی میں شیخ واصل کے مقام پر مسلح افراد نے ناکہ بندی کی اس کے علاوہ واشک کی تحصیل ناگ میں لیویز تھانے پر مسلح افراد نے حملہ کر کے ایک گاڑی 2 موٹرسائیکلیں اور اسلحہ لے گئے


INTEKHAB QUETTA


## ساکران میں مسلح افراد نے پیٹرول پمپ کے مالک کو لوٹ لیا

حب (نمائندہ انتخاب) ساکران میں مسلح ڈاکوؤں کی عید آپریشن جاری، پیٹرول پمپ مالک سے اسلحہ کے زور پر 3 لاکھ روپے سے زائد رقم لوٹ کر فرار، اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ بدھ کے روز ساکران ماموں ہوٹل کے قریب ظہیر نیازی نامی پیٹرول پمپ پر 6 نامعلوم مسلح ڈاکوؤں داخل ہو گئے اور پمپ مالک کو دکان کے اندر یرغمال بنا بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر


بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر


کر اسلحہ کے زور پر تین لاکھ روپے سے زائد کیش چھین کر باآسانی فرار ہوگئے۔


Baakhabar Quetta


## کوئٹہ دو موٹر سائیکل سواروں سے 48 کلو چرس پکڑی گئی

**اے این ایف کی کارروائیوں میں پسنی اور گوادر سے منشیات برآمد ملزم گرفتار**

کوئٹہ (یواین اے) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے مختلف کارروائیوں کے دوران بڑی مقدار میں منشیات برآمد کر لی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق پسنی، گوادر کے غیر آباد علاقے سے 52 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ غزہ بند روڈ، کوئٹہ کے قریب دو موٹر سائیکل سواروں سے 48 کلوگرام چرس پکڑی گئی، اسی طرح، خیزی چوک، کوئٹہ کے قریب ایک گاڑی سے 7 کلوگرام آئس برآمد کی گئی اور ایک ملزم کو حراست میں لے لیا گیا، گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 27 MAR 2025

Page No. 17

# بلوچستان میں سیکیورٹی کی غیر یقینی صورتحال، قیام امن وخوشحالی کیلئے اسٹیک ہولڈرز کی مشترکہ کوششوں کی ضرورت!

بلوچستان میں سیکیورٹی کے حوالے سے یقیناً غیر معمولی حالات ہیں، بدامنی سے بلوچستان بہت زیادہ متاثر ہے مگر اس مسئلے کا مستقل حل نکالنا ضروری ہے جس میں وفاق، بلوچستان حکومت، بلوچستان کی سیاسی و مذہبی جماعتیں، سول سوسائٹی، قبائلی عمائدین سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کا شامل ہونا ضروری ہے، گرینڈ ڈائیلاگ کیلئے بیٹھک لگانے کی اشد ضرورت ہے جس میں سب اپنی تجاویز اور رائے پیش کریں کہ قیام امن کی بحالی کو کس طرح سے ممکن بنایا جاسکتا ہے جبکہ بلوچستان میں موجود دیگر مسائل کا حل بھی نکالا جائے۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے ہنگامی بنیادوں پر کوششیں جاری ہیں اور اہم فیصلے اٹھائے جارہے ہیں۔ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی زیر صدارت انتظامی افسران کا اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان میں ریاست مخالف پروپیگنڈے اور سرگرمیوں میں ملوث سرکاری ملازمین کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں ریاست مخالف عناصر کو فورتھ شیڈول میں شامل کرکے منفی سرگرمیوں پر نظر رکھنے کا بھی فیصلہ ہوا ہے۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کے ہر تعلیمی ادارے میں قومی ترانہ پڑھا اور قومی جھنڈا لہرایا جائے گا، جن تعلیمی اداروں کے سربراہان احکامات کی پابندی نہیں کرواسکتے وہ عہدے سے دستبردار ہوجائیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ امن وامان کی بحالی اولین ترجیح ہے، کوئی شاہراہ بند نہیں ہوگی، ہر ضلعی افسر اپنے علاقے میں ریاستی رٹ قائم کرنے کا ذمہ دار ہے۔ سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ ریاست کے ہرادارے اور ہر فرد کی جنگ ہے جو مل کر لڑنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پالیسی حکومت دیتی ہے، عمل درآمد فیلڈ افسران کی ذمہ داری ہے، کوئی بھی افسر پالیسی پر عمل درآمد نہیں کرسکتا تو رضا کارانہ طور پر عہدے سے الگ ہوجائے، کسی بھی سیاسی پریشر سے بالاتر ہوکر تفویض کردہ آئینی ذمہ داری کو پورا کیا جائے۔ بہرحال حکومتی سطح پر واضح احکامات دیئے گئے ہیں مگر مستقل حل کیلئے مشاورت بھی ضروری ہے، بلوچستان پہلے سے ہی معاشی اور امن وامان کے حوالے سے متاثر صوبہ ہے اور بہت سے چیلنجز اور بحرانات کا سامنا کررہا ہے۔ اس تمام تر صورتحال سے نکلنے کیلئے بلوچستان کے اسٹیک ہولڈرز کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، بلوچستان میں امن وخوشحالی سب کے مفاد میں ہے جنگ تباہی ونقصان کے سواء کچھ نہیں جس سے بلوچستان کے عوام بری طرح متاثر ہورہے ہیں جبکہ صوبہ بھی ترقی کی دوڑ میں بہت پیچھے رہ گیا ہے جس کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے جس سے امن وخوشحالی کے راستے کھلیں گے، بلوچستان مشکل حالات سے نکل کر امن وترقی کی جانب گامزن ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 27 MAR 2025

Page No. 18

# ریکوڈک اور معاشی مستقبل

ریکوڈک منصوبے کا اہم مرحلہ مکمل ہوگیا، آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے پاکستان میں موجود دنیا کے سب سے بڑے تانبے اور سونے کے ذخائر بروئے کار لانے کے حوالے سے فیزیبلٹی اسٹڈی مکمل کرنے کا اعلان کردیا۔ رپورٹ کے مطابق ریکوڈک منصوبے سے 70 ارب ڈالر کا سونا حاصل ہوگا، کان کنی کا عرصہ 37 سال پر محیط ہوگا جو دو مرحلوں میں مکمل کیا جائے گا۔ پاکستان کے بہتر معاشی مستقبل کے حوالے سے اہمیت رکھنے والے اس منصوبے کی کشتی ماضی میں ایسے منجدھار سے دوچار رہی ہے جس سے نکال کر لانے میں سخت محنت کرنا پڑی اور خاصا وقت لگا۔ اب جن مراحل کی طرف پیش قدمی کا آغاز ہو رہا ہے ان میں اگرچہ دشمن قوتوں کی رخنہ اندازی کے راستے بڑی حد تک بند کئے جاچکے ہیں اور مزید اقدامات بھی جاری ہیں تاہم کئی پہلوؤں سے ہمہ وقت چوکنا رہنا ہوگا۔ پاکستان دشمن قوتیں دہشت گردی کی صورت میں جو جنگ جاری رکھے ہوئے ہیں وہ اس ملک کو ترقی کے مواقع سے محروم کرنے کی سازشوں کا حصہ ہیں۔ پاکستانی عوام اور فوج کو مل کر اس جنگ میں فتح حاصل کرنی ہے اور مستقبل تابناک بنانے کے اس سفر میں بھی پیش قدمی جاری رکھنا ہے جو اس ملک کو معاشی طور پر مضبوط بنانے، روزگار کے مواقع بڑھانے، عام لوگوں کے حالات بہتر بنانے اور خوشحالی کی منزل تک پہنچنے کا ذریعہ ہے۔ او جی ڈی سی کی فیزیبلٹی رپورٹ کے مطابق منصوبے سے ایک کروڑ 31 لاکھ میٹرک ٹن تانبہ اور ایک کروڑ 79 لاکھ اونس سونا پیدا ہونے کی توقع ہے جبکہ 62 کروڑ 70 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کی تصدیق بھی کی گئی ہے۔ او جی ڈی سی ایل کے پاس منصوبے میں 8.33 فیصد حصہ ہے جو دیگر دو سرکاری اداروں پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ اور گورنمنٹ ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ (جی ایچ پی ایل) کے ساتھ 25 فیصد کا مشترکہ شیئر بنتا ہے۔ مزید 25 فیصد حصہ حکومت بلوچستان کے پاس ہے۔ باقی 50 فیصد حصہ بیریک گولڈ کارپوریشن کے پاس ہے جو اس منصوبے کی آپریٹر بھی ہے۔ رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے کہ 37 برسوں پر محیط کان کنی کے پہلے مرحلے میں 5.6 ارب ڈالر کی لاگت آئے گی اور یہ 2028ء تک کام شروع کرے گا۔ اس کے لئے 3 ارب ڈالر کا قرض دیا جائے گا۔ جبکہ باقی رقم شیئر ہولڈرز فراہم کریں گے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں ہر سال 45 ٹن خام میٹریل پروسیس کیا جائے گا۔ دوسرے مرحلے میں 2034ء سے یہ صلاحیت بڑھا کر 90 ملین ٹن سالانہ کی جائے گی۔ ایک اندازے کے مطابق ریکوڈک منصوبے سے ایک کروڑ 31 لاکھ ٹن تانبا، ایک کروڑ 79 لاکھ اونس سونا نکالا جائے گا۔ منصوبے کے تحت ریکوڈک کو ریل اور روڈ نیٹ ورک کے ذریعے پورٹ قاسم سے ملایا جائے گا تاکہ اسے عالمی مارکیٹوں تک رسائی ہوسکے۔ 45 کلومیٹر سڑک تعمیر کرکے اسے این 40 سے ملایا جائے گا۔ 70 کلومیٹر پائپ لائن بچھا کر صاف پانی پراجیکٹ تک پہنچایا جائے گا۔ پہلے مرحلے کے لئے 3.1 ارب ڈالر بیرک گولڈ کمپنی ادا کرے گی۔ حکومت بلوچستان کو رائلٹی کی مد میں پہلے سال 50 لاکھ ڈالر، دوسرے سال 75 لاکھ اس کے بعد ہر سال پیداوار شروع ہونے تک ایک کروڑ سالانہ ملا کریں گے۔ اس منصوبے کی بیرک گولڈ نے بھی تھرڈ پارٹی سے فیزیبلٹی اسٹڈی کرائی تھی جس میں منصوبے کا تخمینہ 8 فیصد ڈسکاؤنٹ شرح کے ساتھ 13 ارب ڈالر لگایا گیا تھا۔ توقع کی جانی چاہئے کہ منصوبے کے فوائد پاکستان بھر کے لوگوں، بالخصوص بلوچستان کے عوام، کے لئے آسانیاں لانے کا ذریعہ بنیں گے۔ جبکہ حکومتی اقدامات کی صورت میں جمہوری اقدار دستور پاکستان کی روح کے مطابق پروان چڑھتی نظر آئیں گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 27 MAR 2025 Page No. 19


## بلوچستان، گندم کی ہزاروں بوریاں غائب، پھر تحقیقات شروع

بلوچستان کے محکمہ خوراک میں ایک بار پھر گندم کی چوری کا معاملہ سامنے آیا ہے، محکمہ اینٹی کرپشن بلوچستان نے ضلعی انتظامیہ کی درخواست پر 4 ہزار 397 بوری گندم کے غائب ہونے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ یہ بوریاں 7 ٹرکوں کے ذریعے ایک سال پرانے پرمٹ پر بلیک لسٹ مقامی فلور ملز بھجوائی جاری تھیں۔ تاحال کسی بھی ملازم کا افسر کی گرفتاری عمل میں نہیں لائی گئی۔

حکومت صوبائی ہو یا وفاقی وہ دعوے تو بڑے کرتی ہے لیکن درحقیقت کارکردگی کے معاملے میں دونوں کے پاس بتانے کو کچھ نہیں ہے کہ انہوں نے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اب تک کیا اقدامات کیے ہیں۔ چینی مختلف علاقوں میں 180 روپے تک فروخت ہو رہی ہے لیکن وفاقی وزرا اس بات کو بھی ماننے کو تیار نہیں ہیں، ان کا کہنا ہے کہ چینی 162 روپے فی کلو ریٹیل جبکہ 153 روپے فی کلو یوٹیلٹی اسٹورز پر دستیاب ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ پاکستانی وزرا اور حکمرانوں کا پاکستان کے زمینی حقائق سے کوئی واسطہ ہی نہیں ہے، پتہ نہ جانے کس دنیا میں رہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ایک ڈکٹیٹر یا بادشاہت کا المیہ ہوتا ہے کہ ان کے اردگرد خوشامدی جمع ہو جاتے ہیں اور وہ انہیں سب اچھا ہے کا راگ الاپتے رہتے ہیں اور ان کے ہر اچھے برے کام کی تعریفیں کرتے ہیں، جس کے باعث انہیں اصل زمینی حقائق کا کبھی پتہ ہی نہیں چلتا۔ پاکستان میں اس کی واضح مثال ایوب خان اور یحییٰ خان ہیں، جنہوں نے ملک کو دو ٹکڑے کرنے میں اپنا اہم کردار ادا کیا، ہر گلی محلے میں انہیں گالیاں دی جا رہی تھیں، ان کے کرتوتوں کی وجہ سے عوام کا برا حال تھا جبکہ ان کے حواری انہیں سب اچھا ہے کے افسانے سنانے میں مصروف تھے۔ یہی کچھ موجودہ صورتحال میں بھی نظر آ رہا ہے۔ حکمرانوں کا عوام سے کوئی رابطہ نہیں ہے، یہ محض بیرونی دوروں اور محلات تک محدود ہیں۔

حکومت وفاقی ہو یا صوبائی عوام کا تحفظ اور اس کے حقوق اور بنیادی ضروریات کی اشیا کی فراہمی دونوں کی ذمے داری ہے لیکن یہاں دونوں حکومتیں اس معاملے میں کچھ کرتی نظر نہیں آ رہیں، جبکہ کرپشن کا یہ عالم ہے کہ دن دیہاڑے گندم کی ہزاروں بوریاں چوری ہو جاتی ہیں اور کوئی پرسان حال نہیں ہے، حال ہی میں چینی ایک بار پھر برآمد کر دی گئی اور ملک میں قلت پیدا کر کے اب درآمد کی جا رہی ہے، وہی برسوں پرانا واردات کا طریقہ کار آج بھی اپنایا جا رہا ہے۔ یہ شوگر مافیا اور گندم مافیا اور دیگر مافیاز کو لوٹنے کا سلسلہ رکنے کا نام ہی نہیں لے رہا، کیونکہ حکمرانوں میں شامل خود بے شمار سیاستدان ایسے ہیں جن کی شوگر اور آٹا ملیں ہیں۔ پاکستانی کسانوں سے گندم 3 ہزار روپے میں خریدی جاتی ہے جبکہ اس سے گھٹیا معیار کی گندم بیرون ملک سے 6 ہزار روپے میں درآمد کی جاتی ہے۔ گویا ستائی عوام کو کسی طور فائدہ نہیں دیا جاتا اور کک بیک کے چکر میں بیرون ملک سے گندم، چینی اور دیگر اشیا درآمد کر کے اپنا فائدہ کرتا ہے۔ اب اس گندم چوری کے معاملے میں بھی دیکھتے ہیں، کتنے ملوث افسران و اہلکاروں کو سزا ملتی ہے، یا پھر بڑوں کے ملوث ہونے کے باعث اس معاملے کو بھی دبا دیا جاتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5 Dated: 27 MAR 2025 Page No. 20

# Drought caution

The Pakistan Meteorological Department (PMD) has issued a drought alert for Sindh, Balochistan, and Punjab due to below-average rainfall, warning that dry conditions are expected to persist in several regions. Despite recent rain spells easing drought conditions in central and northern Pakistan, the PMD noted that Sindh, southern Balochistan, and the lower eastern plains of Punjab remain vulnerable. The department reported that average temperatures in the lower half of the country have been 2-3 degrees Celsius above normal this month, with some areas in the south experiencing over 200 consecutive dry days, exacerbating the drought. The PMD warned that the ongoing weather pattern is likely to further deteriorate conditions in affected areas. In Balochistan, moderate drought is anticipated in Gwadar, Kech, Lasbela, Panjgur, and Awaran, with mild conditions expected in Chagai, Jaffarabad, Jhal Magsi, Sibbi, Nushki, and Washuk. The below-normal rain means that the country experienced an increase of 2°C to 3°C in its normal mean temperatures, which has intensified drought conditions in the affected areas. As far as Balochistan is concerned the drought resurfaces after every four to five years. Balochistan is already a water scarce province which annually receives very low precipitation as compared to other provinces while its agriculture is the mainstay of the economy of the province. The drought multiplies backwardness and poverty in the province since approximately 70 per cent people are directly or indirectly associated with agriculture and livestock sectors to earn a livelihood. And when there is drought in Balochistan the situation becomes more complicated for its people who have to suffer high levels of poverty and hunger. Despite the fact that the province is water scarce, the irrigation methods are still centuries old as the farmers are still unknown about the modern and scientific use of water. The situation calls for structural reforms in the water sector. Though successive governments have talked about measures to boost water security, none has ever taken concrete policy measures to translate this rhetoric into action. The world is now using technology to reduce water usage for irrigation and exploring cost-effective localised solutions such as harvesting rainwater to help communities meet their needs in times of drought. The increasing frequency of extreme weather events caused by climate change calls for thinking local, small and smart. It is essential that the Balochistan government must pay extra ordinary focus towards agriculture and water policy. The farmers need to be given training and facilities to adopt modern and scientific based agriculture and irrigation. The government ought to take constructive steps towards agriculture and to combat the threats of drought.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No. 5

Dated: 27 MAR 2025 Page No. 21

# Reko Diq's $6.7 Billion Leap

As the Reko Diq project turns a new leaf with its revised valuation and development plan, it opens up an avenue rife with potential. However, the success of this venture hinges upon a united effort among federal ministries, local stakeholders, and foreign investors. By effectively mobilizing and coordinating resources, Pakistan can indeed pave the way for a prosperous mining sector that serves as a cornerstone for economic revival, ensuring it emerges not just as a project, but a legacy of progressive development for the nation. In a significant development that signals a potential turnaround for Pakistan's beleaguered mining sector, the Economic Coordination Committee (ECC) of the Cabinet has approved a $500 million hike in both the cost and development plan of the Reko Diq project, raising its valuation from $6.2 billion to a notable $6.7 billion. This upward revision comes amid ongoing negotiations with the Kingdom of Saudi Arabia (KSA) for a stake in this groundbreaking project, which holds immense promise for the country's economic landscape. Reko Diq, has been a focal point of contention and turbulence, with its history marked by legal battles and investor uncertainty. The project, which boasts one of the largest undeveloped copper and gold reserves in the world, has the potential to not only transform the local economy but also play a crucial role in stabilizing the nation's fiscal situation. The renewed interest from Saudi Arabia signifies a strong indication of confidence in the project's viability and future profitability. During a recent virtual meeting, ECC members deliberated extensively on the revisions prompted by inflationary pressures and the expanded scope of the project. The Ministry of Finance provided insights but withheld specific details regarding the valuation increase. This lack of granular information raises questions about transparency, a critical component in fostering investor confidence. For the government, ensuring clarity and openness in its dealings will be essential as it navigates this complicated landscape.

The upward adjustment in the project's budget reflects not just the economic realities of inflation but also an acknowledgment of the need for modern infrastructure, increased capacity, and exceptional environmental and operational adaptability. The strategic revisions indicate that the ECC is attuned to the diverse challenges and complexities facing the Reko Diq project. The

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 5 Dated: 27 MAR 2025 Page No. 22


approval of changes in the energy mix, alternative water supply options, and updated processing technology showcases a proactive approach to ensuring the project's sustainability and profitability. Anticipated involvement of the KSA could mark a pivotal shift in the way foreign investment is perceived in Pakistan. If successfully negotiated, this partnership could catalyze further investments from other international players, stimulating growth across various sectors. However, for the ECC and the government as a whole, the onus of responsibility lies in ensuring the swift implementation of associated agreements and maintaining momentum throughout the negotiation process. In a broader context, the Reko Diq project exemplifies the need for Pakistan to harness its natural wealth more strategically. The government must align its policies to not only attract foreign investment but also ensure that such projects directly benefit the local populace. Strengthening legal frameworks, ensuring regulatory transparency, and enhancing infrastructure will be pivotal in this regard. The potential outcome is not just a profitable mining venture, but also a beneficial economic catalyst for generations to come.

The ECC's assurance of full support for the Reko Diq initiative underscores its significance as a national priority. The government's commitment will need to be matched with a vision that anticipates not just the economic gains but also the socio-environmental implications of large-scale mining operations. Learning from past oversights will be essential to crafting a future wherein resource extraction is balanced with environmental stewardship and community welfare. Reko Diq is not just an economic venture; it has geopolitical dimensions as well. Saudi Arabia's interest aligns with its Vision 2030 strategy to diversify investments beyond oil. For Pakistan, deeper Saudi involvement could strengthen bilateral ties but may also complicate relations with other stakeholders, including China, which has significant investments in Pakistan's mining and infrastructure sectors under CPEC. Balancing these relationships will be critical. Additionally, the project's success hinges on stability in Balochistan, where security concerns and local grievances over resource exploitation persist. Past conflicts over the Saindak and Reko Diq projects highlight the need for inclusive development that benefits local communities. If the revised plan does not address these socio-political challenges, the project could face delays or opposition, further escalating costs. Reko Diq has the potential to be a game-changer for Pakistan's economy, but only if managed wisely. The government must tread carefully to ensure that this $6.7 billion venture does not become another missed opportunity.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No. 5

Dated: 27 MAR 2025

Page No. 23


# دہشت گردی پر قومی اتفاق رائے




زور قلم

مزمل سہروردی

msuherwardy@gmail.com


دہشت گردی کے خلاف قومی اتفاق رائے کی ضرورت سے کون انکار کرسکتا ہے۔لیکن کیا قومی اتفاق رائے صرف سیاسی جماعتوں کے درمیان اتفاق کا ہی نام ہے۔ میں یہ نہیں سمجھتا۔ یہ درست ہے کہ سیاسی جماعتیں کسی نہ کسی حد تک عوامی رائے کی ترجمان ہوتی ہیں۔ لیکن ایسا بھی نہیں کہ ہم سمجھیں کہ عوامی رائے جاننے کا واحد پیمانہ سیاسی جماعتیں ہی ہیں۔ بلکہ میں سمجھتا ہوں یہ ذمے داری سیاسی جماعتوں کی ہے کہ وہ اپنی پالیسیاں عوامی رائے کے مطابق بنائیں۔ لیکن اگر سیاسی جماعتوں کی پالیسی عوامی رائے کے مطابق نہ ہو تو وہ نہ صرف عوامی رائے سے محروم ہو جاتی ہیں بلکہ عوام ان سے ناراض بھی ہو جاتے ہیں۔ اسی لیے ہم سیاسی جماعتوں کی حمایت میں کمی دیکھتے ہیں۔ ووٹ بینک کم اور زیادہ ہوتے دیکھتے ہیں۔

اسی طرح میں سمجھتا ہوں پاکستان کے سب لوگ دہشت گردی کے خلاف ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف ایک عوامی رائے بھی موجود ہے اور دہشت گردی کے خلاف ایک قومی اتفاق رائے بھی موجود ہے۔ کوئی بھی پاکستانی عسکری جدوجہد اور دہشت گردی کے واقعات کے حق میں نہیں۔ اس لیے یہ کہنا کہ ملک میں دہشت گردی کے خلاف قومی اتفاق رائے موجود نہیں ہے، ایک غلط بات ہے۔ اگر کوئی سیاسی جماعت اپنے سیاسی مفاد کے لیے دہشت گردی کو استعمال کر رہی ہے تو وہ عوامی رائے کا اظہار نہیں کر رہی بلکہ اپنے سیاسی مفاد کا اظہار کر رہی ہے۔ عوامی رائے اور سیاسی مفاد کا فرق سمجھنے کی ضرورت ہے۔ دہشت گردی کے خلاف قومی اتفاق رائے موجود ہے۔ اس کو سیاسی جماعتوں کی کسی مہر اور تصدیق کی ضرورت نہیں۔

بلوچستان کی بہت بات کی جاتی ہے۔ بلوچستان میں لوگ دہشت گردی کے ساتھ ہیں یا دہشت گردی کے خلاف ہیں۔ یہ سوال صورتحال کو کنفیوژ کرنے کے لیے بہت کیا جاتا ہے۔ ایک دلیل یہ دی جا رہی ہے کہ ماہ رنگ بلوچ کی گرفتاری پر بلوچستان میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوئی ہے۔ یہ شٹر ڈاؤن ہڑتال عوامی حمایت کی ترجمان ہے۔ اس سے بڑی عوامی حمایت کیا ہوگی کہ شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوئی ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں تنہا شٹر ڈاؤن ہڑتال کوئی عوامی حمایت کی عکاس نہیں۔ یہ عوامی حمایت کا کوئی پیمانہ نہیں۔ شٹر ڈاؤن ہڑتال طاقت کی بھی عکاس ہے۔ آپ طاقتور ہیں اس لیے آپ نے تاجروں کو کاروبار بند کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ یہ ہڑتال دہشت گرد تنظیموں کی طاقت اور خوف کی عکاس بھی قرار دی جا سکتی ہے۔ لوگ ان دہشت گرد تنظیموں کے خوف سے کاروبار بند رکھے ہوئے ہیں۔ کیونکہ اگر کاروبار کھولیں گے تو ان کو خدشہ ہے کہ یہ دہشت گرد تنظیمیں انھیں اور ان کے کاروبار کو نقصان پہنچائیں گی۔

سوال یہ ہے کہ ماہ رنگ بلوچ کی گرفتاری پر کتنے لوگ نکلے ہیں۔ کوئٹہ میں کتنے لوگ نکلے ہیں۔ آپ ترکی کی مثال سامنے رکھیں۔ استنبول کے میئر کو گرفتار کیا گیا ہے، ہزاروں لاکھوں لوگ احتجاج کے لیے نکلے ہیں۔ یہ لوگ کسی کال کے نتیجے میں نہیں نکلے ہیں، ان کو کسی نے نکلنے کے لیے نہیں کہا۔ عوامی حمایت کسی کال اور کسی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی محتاج نہیں ہوتی۔ لوگ خود نکلتے ہیں، ایک دن نہیں روز نکلتے ہیں۔ وہ کسی لانگ مارچ کی کال کے انتظار میں نہیں رہتے۔ اسی لیے ماہ رنگ بلوچ کی گرفتاری پر کوئٹہ سمیت بلوچستان کے کسی بھی شہر میں لوگ بڑی تعداد میں نہیں نکلے۔ ان کے حامی تھوڑی تعداد میں نکلے ہیں۔ انھوں نے امن و امان کی صورتحال پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس کو عوامی حمایت نہیں کہا جا سکتا۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں بلوچستان کے عوام بھی دہشت گردی کے خلاف ہیں۔ ان کی رائے بھی ہمارے سامنے ہے۔ اگر بلوچ عوام ان کے حق میں ہوتے تو سردار اختر مینگل کو کسی لانگ مارچ کی کال نہیں دینی پڑتی۔ لوگ خود لانگ مارچ پر نکل آتے۔

بہر حال سیاسی جماعتیں یہ تاثر دیتی ہیں کہ وہ عوامی حمایت کی مکمل عکاس ہیں۔ ان کی رائے ہی عوامی رائے ہے۔ جیسے اگر تحریک انصاف دہشت گردی کے لیے بلائی گئی قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں شرکت نہیں کرتی تو ایک رائے کہ دہشت گردی کے خلاف قومی اتفاق رائے نہیں ہو سکتا۔ کیا یہ رائے درست ہے کہ قومی اتفاق رائے کے لیے تحریک انصاف کی شمولیت ناگزیر ہے۔ اگر تحریک انصاف دہشت گردی کے خلاف بلائی گئی قومی سلامتی کمیٹی میں شرکت نہیں کرتی تو کیا تحریک انصاف کے حامی دہشت گردی کے حق میں ہو گئے ہیں۔ کیا پنجاب، سندھ، بلوچستان اور کے پی میں تحریک انصاف اس بات پر کہ تحریک انصاف اجلاس میں نہیں آئی دہشت گردی کے حق میں ہو گئے ہیں۔ میں نہیں سمجھتا۔

کیا بانی تحریک انصاف اگر دہشت گردی کے خلاف اجلاس میں شرکت نہیں کریں گے تو قومی اتفاق رائے نہیں ہوگا۔ ان کے حامی ردعمل میں دہشت گردوں کے حق میں ہو جائیں گے۔ کیا کسی ایک کا بائیکاٹ قومی اتفاق رائے کو ختم کر سکتا ہے۔ کیا قوم فرد واحد کی محتاج ہے۔ ایسا نہیں ہے۔ قوم یرغمال نہیں۔ قومی سوچ جانچنے کے اور بہت سے ذرائع بھی ہیں۔ کیا کوئی بھی دہشت گردوں کے حق میں بات کر سکتا ہے۔ کیا جو بائیکاٹ کر رہے ہیں وہ دہشت گردوں کے ساتھ کھڑے ہو کر سیاست کر سکتے ہیں۔ نہیں ہرگز نہیں۔ بہر حال پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اگر تحریک انصاف شرکت پر مان جائے تو دہشت گردی پر قومی اتفاق رائے قائم کرنے کے لیے قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس دوبارہ بلایا جا سکتا ہے۔ حکومت نے بلاول کی اس تجویز کی بظاہر حمایت کر دی ہے اور کہا ہے کہ اگر بلاول تحریک انصاف کو منا لیں تو اجلاس دوبارہ بلانے پر حکومت کو کوئی اعتراض نہیں۔ تاہم اس حوالے سے مقتدر حلقوں کا موقف سامنے نہیں آیا۔ لیکن میں سمجھتا ہوں انھیں بھی کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا تحریک انصاف شرکت کرے گی۔ کیا وہ پھر بانی سے ملاقات اور ان کی پیرول پر رہائی کی شرط نہیں رکھیں گے۔ ملاقاتوں کا معاملہ کافی حد تک حل ہو گیا۔ عدالت نے ملاقاتوں کا طریقہ کار دوبارہ طے کر دیا ہے۔ لیکن پیرول کی شرط ابھی ہوگی۔ کیا دہشت گردی پر قومی اتفاق رائے ایک پیرول کا محتاج ہے۔ وہ نہیں تو کوئی نہیں۔ میری رائے میں شاید یہ بات نہیں مانی جائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ٢

Dated 27 MAR 2025 Page No. ٤



